

نظر بد اور اس کی علامات وعلاج کے متعلق معلوماتی رسالہ

نظرِ بد کی علامات اور اس کا علاج





از قلم

حضرت علامہ مولانا الحافظ القاری ابو نعمان عرفان شریف مدنی

برائے ایصالِ ثواب

نانا جان راجہ صاحب النعلین حسین (انگلینڈ)

سیٹھ چوہدری یعقوب مرحوم (میرپور کشمیر)

DAR-UL-RAZA
مکتبہ دار الرضا پاکستان
03006504263


بسم الله الرحمن الرحيم


الصلاة والسلام عليك يا رسول الله يا سيدي

نظربد اور اس کی علامات وعلاج کے متعلق معلوماتی رسالہ

نظربد کی علامات
اور
اسکا علاج

ازقلم

حضرت علامہ مولنا الحافظ القاری

ابونعمان عرفان شریف مدنی

مکتبہ دارالرضا پاکستان

03006504263

مکتبہ دارالرضا
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام ---------- نظرِ بد
موءلف ---------- استاذ العاللین والعلماء
حضرت علامہ مولنا الحافظ القاری
ابونعمان عرفان شریف مدنی
ناشر ---------- مکتبہ دارالرضا جھنگ
زیرِ نگرانی ---------- حافظ محمد عثمان شریف عطاری
اول ایڈیشن ----------
صفحات ---------- 12

مکتبہ دارالرضا
بستی شہنی والی وارڈ نمبر 7 جھنگ سٹی
موبائل 0300-6504263:، E-mail:darulraza@gmail

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

نظر بد یا نظر لگنا ایک قدیم تصور ہے جو دنیا کی مختلف اقوام میں پایا جاتا ہے۔ نظر بد کی عمومی وجہ حسد ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عربی زبان میں نظر بد کو عین الحسود بھی کہا جاتا ہے۔ حسد ایک ایسی منفی قوت ہے کہ جو دوسرے کی زندگی تک کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔ نظر بد ایسی منفی شعاعیں خارج کرتی ہے جس سے متاثر ہونے والے انسان کے ارد گرد ہر وقت ایک منفی قوت کا دائرہ بن جاتا ہے۔ نظر بد لگانے والا دوسروں کے متعلق بری سوچ رکھتا ہے۔ ایسے شخص کی آنکھ دوسرے کو روحانی اور جسمانی نقصان پہچانے کا باعث بنتی ہے۔ نظر بد کی وجہ سے ایک خوش حال اور کامیاب انسان کی زندگی بدقسمتی، صحت کے مسائل اور شدید بیماری کا شکار ہو جاتی ہے۔ کامیابی سے چلتا کاروبار یک دم خسارہ میں چلا جاتا ہے اور آخر اسے بند کرنے کی نوبت آجاتی ہے۔ ایک امیر آدمی مختصر عرصہ میں غربت کی زندگی گذارنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ لاتعداد ایسے افراد بھی ہیں کہ لاکھ کوشش کے باوجود وہ اولاد کی نعمت سے محروم رہتے ہیں جبکہ طبی طور پر وہ اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ اولاد سے محرومی کی ایک بڑی وجہ ایسے جوڑے کا نظر بد کا شکار ہونا بھی ہے۔ اسی طرح وہ افراد جن کی مناسب عمر میں شادی نہیں ہو پاتی اور رشتوں کے انتظار میں عمر گذرتی جاتی ہے اس کی ایک اہم وجہ اس لڑکی یا لڑکے پر نظر بد کا اثر بھی ہوتا ہے۔

نظر بد جادو سے بھی زیادہ خطرناک ہے اور عام ہے جادو اور نظر کی اکثر علامات ملتی جلتی ہیں ہاں بعض علامات سے پہچانا جاسکتا ہے کہ یہ جادو نہیں نظر ہے نظر یا تو کسی کے حسد کی وجہ

سے لگتی ہے یا پھر تعجب کی یا در ہے تعجب کی نظر ماں باپ کی بھی لگ جاتی ہے یعنی والدین بھی اگر بچوں کو دعاء نہ دیں تو بچے ان کی نظر کے بھی شکار ہو جاتے ہیں ایک واقعہ میں نے پڑھا تھا کہ کسی کا بچہ والدہ کا دودھ بہت پیتا تھا ایک دن اس کے باپ نے کہا یہ تو ہر وقت ماں ہی کی گود میں چڑھا رہتا ہے چھوڑتا ہی نہیں ہے اسی لمحے وہ بچہ ساکت ہو گیا ہسپتال لے کے گئے لیکن بچہ کچھ دیر کے بعد فوت ہو گیا اور اس بچے کی ماں کا علاج کرتے ہوئے 3 ماہ ہو چکے تھے جن لوگوں کی نظر لگتی ہے عموماً وہ معاشرے میں معروف ہوتے ہیں کہ فلان کی نظر لگ جاتی ہے یا دوسری علامت یہ ہے کہ جن کی نظر لگی ہوتی ہے ان کو دیکھ کے انسان کی طبیعت عموماً خراب ہوتی ہے غصہ چڑچڑا پن عجیب سے بے چینی محسوس ہوتی ہے۔

اسلام کے صدرِ اوّل میں دشمنانِ اسلام نے اسلام کو نقصان پہنچانے کے لیے عرب کے ان لوگوں کی خدمات لینے کا ارادہ کیا جو نظر لگانے میں شہرت رکھتے تھے۔ان کا دعویٰ تھا کہ وہ جس چیز کو نقصان پہنچانے کے ارادے سے دیکھتے ہیں ان کے دیکھتے ہی وہ چیز تباہ ہو جاتی۔اللہ تعالیٰ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے شر سے محفوظ رکھا اور ان بدنیتوں کے تمام حربے ناکام ہو گئے۔ان کی اس شر انگیزی کو قرآن میں اس طرح سے بیان کیا ہے کہ:

وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ

اور بے شک کافر لوگ جب قرآن سنتے ہیں تو ایسے لگتا ہے کہ آپ کو اپنی (حاسدانہ بد) نظروں سے نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہے۔

(القلم، 68:51)

اس آیت میں نظرِ بد میں نقصان کی تاثیر ہونے کا اشارہ ہے جو کسی دوسرے انسان کے جسم و جان پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ چنانچہ رسولِ اکرم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ: اَلْعَيْنُ حَقٌّ وَ نَهَى عَنِ الْوَشْمِ. نظر کا لگ جانا حقیقت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گودنے سے منع فرمایا۔

بخاری، الصحیح، 5: 2167، رقم 5408: بیروت، لبنان: دار ابن کثیر الیمامۃ مسلم، الصحیح، 4: 1719، رقم 2187: بیروت، لبنان: دار احیاء التراث العربی أحمد بن حنبل، المسند، 2: 319، رقم 8228: مصر: مؤسسۃ قرطبۃ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

اَلْعَيْنُ حَقٌّ وَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَإِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوا.

نظر حق ہے اگر کوئی چیز تقدیر کو کاٹ سکتی ہے تو نظر ہے اور جب تم سے (نظر کے علاج کے لیے) غسل کرنے کے لیے کہا جائے تو غسل کر لو۔

مسلم، الصحیح، 4: 1719، رقم 2188: ابن حبان، الصحیح، 13: 473، رقم 6107: بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ

نظر بد کے برے اثرات ہوتے ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ نے نظر بد سے بچاؤ کے لئے جھاڑ پھونک یعنی دم درود کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دم کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: رُخِّصَ فِي الْحُمَةِ وَالنَّمْلَةِ وَالْعَيْنِ. رسول ﷺ نے تین چیزوں کیلئے جھاڑ پھونک کی اجازت دی: نظر بد، بچھو وغیرہ کے کاٹے پر، پھوڑے پھنسی کے لئے۔

مسلم، الصحیح، 4: 1725، رقم 2196: أحمد بن حنبل، المسند، 3: 118، رقم 12194: ترمذی، السنن، 4: 393، رقم 2056:

بیروت، لبنان: داراحیاء التراث العربی

بلکہ آپ ﷺ نے حکم فرمایا:

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَمَرَنِي رَسُولُ اللهِ ﷺ أَوْ أَمَرَ أَنْ يُسْتَرْقَى مِنَ الْعَيْنِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا یا حکم دیا کہ نظرِبد لگنے کا دم کیا کرو۔

بخاری، الصحیح، 5: 2166، رقم 5406 : مسلم، الصحیح، 4: 1725، رقم 2195 :

ایک حدیث مبارکہ میں ہے:

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ رَأَى فِي بَيْتِهَا جَارِيَةً فِي وَجْهِهَا سَفْعَةٌ فَقَالَ اسْتَرْقُوا لَهَا فَإِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے میرے گھر کے اندر ایک لڑکی دیکھی جس کے چہرے پر نشانات تھے۔ ارشاد فرمایا کہ اس پر کچھ پڑھ کر دم کرو کیونکہ اس کو نظر لگ گئی ہے۔

بخاری، الصحیح، 5: 2167، رقم 5407 : مسلم، الصحیح، 4: 1725، رقم 2197 :

نظرِبد سے علاج کے لئے معوذتین پڑھ کر دم کیا جائے اور یہ دعا بھی کی جائے جو حدیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ زوجہ مطہرہ نبی کریم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب نبی بیمار ہوتے تو جبرئیل علیہ السلام آکر آپ کو دم کرتے اور یہ کلمات کہتے:

بِاسْمِ اللهِ يُبْرِيكَ وَمِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيكَ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ وَشَرِّ كُلِّ ذِي عَيْنٍ.

اللہ کے نام سے، وہ آپ کو تندرست کرے گا، اور ہر بیماری سے شفا دے گا اور حسد کرنے والے حاسد کے ہر شر سے اور نظر لگانے والی آنکھ کے ہر شر سے آپ کو اپنی پناہ میں رکھے گا۔

قرآن مجید کی آخری دو سورتوں کو معوذتین کہتے ہیں ان میں بھی پناہ مانگی گئی ہے۔ لہٰذا اُن سے بھی نظر بد کا علاج کیا جاتا ہے:

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ كَانَ يَنْفُثُ عَلَى نَفْسِهِ فِي الْمَرَضِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ فَلَمَّا ثَقُلَ كُنْتُ أَنْفِثُ عَلَيْهِ بِهِنَّ وَأَمْسَحُ بِيَدِ نَفْسِهِ لِبَرَكَتِهَا.

حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم اپنے اس مرض کے اندر جس میں آپ کا وصال ہوا معوذات پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرتے تھے۔ جب آپ کی تکلیف بڑھ گئی تو میں انہیں پڑھ کر آپ پر دم کیا کرتی اور بابرکت ہونے کے باعث آپ کے دستِ اقدس کو آپ کے جسم اطہر پر پھیرا کرتی۔

بخاری، الصحیح، 5: 2165، رقم 5403 : مسلم، الصحیح، 4: 1723، رقم 2192

درج بالا آیات و روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ نظرِ بد کوئی وہمہ یا توہم پرستی نہیں بلکہ حقیقت ہے جس کے اثرات ظاہر ہونے پر دَم کرانا درست ہے۔

نظربد کی علامات

1۔ جسم میں کمزوری ہونا

2۔ کھانے کی رغبت نہ ھونا

3۔ جسم میں "حرارت" محسوس ھونا

4۔ کثرت سے پیٹ میں "گیس" بننا

5۔ رونا" بغیر وجہ کے"

6۔ سینے میں گھٹن محسوس ھونا

7۔ جمائی لیتے ہوئے آنکھ سے آنسو آنا

8۔ سست رھنا، کام کی طاقت نہ ھونا (کبھی کبھی چکر یا الٹی کی کیفیت)

9۔ دل کا دھڑکنا اور بے چین رھنا۔

10 سینے میں گھٹن، عصر کے بعد آدھی رات تک

11۔ سر میں درد رھنا

12 بدن میں درد کا "گھومنا"

13۔ اعمال سے دور بھاگنا (نماز، ذکر، تلاوت وغیرہ)

14۔ دوستوں اور رشتے داروں سے ملنے سے نفرت کرنا کرنا (ملنے کو دل نہ چاھنا)

15۔ عورتوں کے بال گرنا (کوئی بھی علاج کرلو گرتے رھیں گئے)

16۔ کاروبار، منصب، عہدے کا برباد ھو جانا

17۔ وقت کی پابندی نہ کر پانا (چاہنے کے باوجود)

18۔ کسی کام میں "ماہر ہونا" اور اسے کرتے کرتے "بیمار" ہو جانا یا "سست" پڑ جانا

19۔ درد کا آنکھوں اور کنپٹیوں سے شروع ہو کر سر کی جانب پھیلنا اور پھر کندھوں سے اترتے ہوئے ہاتھ پاوں کے کناروں میں پھیل جانا

20۔ جسم پر عموماً چہرے کمر اور رانوں میں سرخ نیلے دانوں کا بکثرت نکلنا یا دھبے بننا

21۔ بکثرت پیشاب کا آنا اور قضائے حاجت کیلئے جانا 22۔ بہت زیادہ پسینہ آنا خصوصاً ماتھے اور کمر میں

23۔ دل کی دھڑکن کا کم یا زیادہ ہونا دل ڈوبتا محسوس ہونا اور موت کا خوف

24۔ چہرے کا زردی مائل ہو جانا

25۔ تلاوت نماز اور دم کے درمیان بکثرت جمائیاں آنا اور آنسوں کا بہنا

26۔ پڑھائی اور کام سے دل کا اچاٹ ہو جانا حافظے کا کمزور ہونا اور بے توجہگی رہنا

27۔ مسلسل تھوک بہنا جھاگ کی مانند یا سفید بلغم

28 سوتے میں یا دم کے درمیان آنکھیں دیکھنا یا کسی کو ٹکٹکی باندھ کر اپنی طرف دیکھنا

29۔ جسم میں خارش اور چیونٹیاں رینگتی محسوس کرنا

30۔ آنکھوں کا شدت سے پھڑ پھڑانا جھپکنا

31۔ ہاتھ اور پاوں کے کناروں میں سوئیاں چبھنا اور ٹھنڈا رہنا

32۔ جسم کا بہت زیادہ گرم رہنا

33۔ انسان کا اپنے آپ سے لاپرواہ ہو جانا خصوصاً عورتوں کا اپنی آرائش و زیبائش سے

بے نیاز ہو جانا

34۔ بچوں کا ماں کا دودھ نہ پینا بہت زیادہ رونا

35۔ پلکوں اور بھنوؤں پر بوجھ

36۔ آنکھوں میں عجیب سی تیز چمک

37۔ جوڑوں میں بوجھ محسوس کرنا ل

پنجتن پاک کی نسبت سے نظرِ بَد اتارنے کے 5 طریقے

نمبر ۱: جس پر نظر لگی ہو اُسے فرض غسل کی طرح غسل کرنے کا کہیں اگر معلوم ہُو کہ فُلاں کی نظر لگی ہے تو جسکی نظر لگی ہُو اُسکے وضو کا پانی مریض پر چھڑکیں اور یہ دعا ۱۱ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دَم کریں۔ دُعا یہ ہے۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَھَامَّۃٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ

۲: دُوسری دُعا جو کہ نظر کے علاج میں بہت نافع ہے وہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبھا

تین مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنے کے بعد سات مرتبہ درج بالا دعا پڑھ کر مریض پر دَم کریں۔ ان شاء اللہ نظر اُتر جائے گی۔

نمبر ۳: تین عدد سُرخ مرچ لیں اُس پر سات مرتبہ بسم اللہ شریف، ایک مرتبہ آیتُ الکُرسی،

تین مرتبہ سُورۃُ الفلق، تین مرتبہ سُورۃ الناس، اول و آخر درود شریف پڑھ کر مرچوں پر دم کریں۔ پھر اِن مرچوں کو مریض پر اکیس مرتبہ وار کر چولہے میں ڈال دیں۔۔۔ان شاءاللہ عزوجل نظر کا اثر دفع ہُو جائے گا۔

نمبر۴: بچوں کی نظر اُتارنے کیلئے سورۃ الکوثر سے بھی دَم کیا جاسکتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے تین مرتبہ درودِ پاک پڑھیں پھر تَعَوُّذ و تسمیہ کے ساتھ ایک مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر بچے کے سیدھے گال پر دَم کریں، دوسری مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر اُلٹے گال کی طرف اور تیسری مرتبہ پڑھ کر بچے کی پیشانی پر دَم کر دیں۔۔ان شاءاللہ عزوجل نظر اُتر جائے گی۔

نمبر۵: ہر مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ سورۃ القلم کی درج ذیل آیت پڑھ کر مریض اور پانی پر دَم کرتے رہیں۔نو(۹) مرتبہ دَم کرنے کے بعد مریض کو پانی دیں اور سات گھونٹ پانی پینے کو کہیں۔۔۔ پینے والا مریض ہر گھونٹ پیتے ہُوئے بسم اللہ شریف پڑھ کر پانی پیے پھر باقی پانی مریض پر چھڑک دیں۔ان شاءاللہ عزوجل نظر فوراً ختم ہو جائے گی۔

وَاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِہِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّہٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ۘ وَمَا ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ۔

(سورۃُ القلم آیت نمبر ۵۱)

کتبہ ابونعمان مدنی
۱۰ رمضان المبارک ۱۴۴۲ ھجری

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ



DAR-UL-RAZA

کے زیر اہتمام

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان سے الحاق شدہ

دارالرضا اکیڈمی

و

جامعہ فاطمۃ الزاہرأ للبنات (رجسٹرڈ)

- شعبہ قاعدہ و ناظرہ (برائے طلبہ و طالبات)
- شعبہ حفظ مع التجوید (برائے طالبات)
- شعبہ روحانیات
- شعبہ صدائے درود و سلام
- آن لائن اکیڈمی
- شعبہ درسِ نظامی

بفیضان نظر
سرپرست اعلیٰ دارالرضا
اسکالر الحافظ القاری
حضرت علامہ
ابونعمان
عرفان شریف مدنی
خلیفہ بریلی شریف

DAR-UL-RAZA

Dar-ul-Raza Academy
&
Jamia Fatima-tu-Zahra Lil Binnat (Registered)

Old Chiniot Road, Khaji Ground Jhang City.
Tel: +92 300 6504263, +44 741 1497078
www.darulraza.com
E-mail: darulraza@gmail.com